لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ ذی الحجہ سنہ ۱۳۳۵ھ مطابق یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء	نمبر ۴۱

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۶ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء

آج درخواست پورنی دلا امرت برہمن ساکن جگناتھ پور علاقہ جدید تحصیل ملک باسندگان اجازت تعمیر مندر واقع موضع مذکور پیش ہو کر واضح ہوا کہ علاقہ جدید میں قدیم سے ہنود کو امور مذہبی میں آزادی حاصل رہی ہے اور تعمیر مندر وغیرہ بلا مزاحمت ہوتی رہی لیکن بخلاف عمل درآمد قدیم سنہ ۱۸۹۶ء میں بموجب حکم اجلاس ہذا مورخہ ۱۴ اگست سنہ ۱۸۹۹ء علاقہ مذکور میں بلا حصول اجازت

تعمیر مندر ممانعت کی گئی اب بعد غور مناسب بدولت و اقبال ارشاد فرماتے ہیں کہ حکم محولہ صدر منسوخ و مسترد ہوکر ہنود کو علاقہ جدید میں امورِ مذہبی میں مثل ہنود روسائے ماسبق آزادی حاصل ہے اور تعمیر منادر میں اجازت کی ضرورت ہو پوری ولا امرت مذکور کو بھی تعمیر و اجرائے مندر کی اجازت دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں اور روبکار درج گزٹ کیا جاوے نیز عرضی گزار کو بھی اطلاع دیجائے۔

دستخط بخط خاص

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم دستخطی و مہری قبض الوصول

۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ ممبر صاحبان کمیٹی قبض الوصول تقسیم تنخواہ پر تنخواہ یابوں کے دستخط اور ناخواندہ سے مہر بموجب رپورٹ بخشی فوج مطابق دفعہ ۲۵ دستور العمل تقسیم تنخواہ ہوا کریگی۔

اضافہ جات

۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء

حسب پیشی رپورٹ بخشی فوج یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء سے شام لال منصرم ہسٹری شیٹ مشاہرہ دار سترہ روپیہ کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اور منی لال و سید فخر الدین و رام سروپ محرران ہسٹری شیٹ کی تنخواہ میں ایک ایک روپیہ اضافہ کیا گیا۔

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشا باجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء

بموجب قواعد فوج جب کوئی ملازم تین ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ کیلیے سزایاب ہوجائے تو نام اسکا ملازمت سے خارج ہوجاتا ہے میدان جنگ میں جو فوج ریاست کی موجود ہے اُس میں اندیشہ ہے کہ فوجی ملازمان کسی حرکت کا ارتکاب عمداً کریں جس سے سزایاب ہوکر اُنکو آزادی حاصل ہوجائے۔ بدولت و اقبال کو حکام انگریزی کی جنگی زیر نگرانی ریاست کی فوج کام کررہی ہے اس رائے سے اتفاق ہے کہ صورت متذکرہ کے انسداد کے لیے یہ ضروری ہے کہ ایسے سزایافتہ کا نام ملازمت سے علیحدہ نہ کیا جائے بلکہ بدستور ملازم شمار کیا جائے۔ اسلیے حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔

۱ - جب کوئی عہدہ دار نان کمیشنڈ افسر کسی ایسے جرم میں سزایاب ہو جسکی سزا تین ماہ یا اُس سے زیادہ ہے تو یوم سزایابی سے وہ سپاہی رینک پر تنزل کیا جائے گا۔

۲ - ایام سزا میں سپاہی کو کوئی تنخواہ نہ ملے گی صرف گذارہ کے لائق الاؤنس ملے گا۔

۳ - آئندہ بھی وہ شخص تاوقتیکہ ترقی نہ پائے سپاہی رہے گا۔

۴ - پنشن پر سزا کا کوئی اثر نہ ہوگا صرف وہ ایام جنمیں سزا کاٹ رہا ہے ملازمت سے خارج شمار ہونگے۔

۵ - ایسے سزایافتہ کی رہائی پر اُس انتظام میں کوئی تغیر نہ ہوگا۔ جو اُس کے سزایاب ہونے کے سلسلہ میں کیا گیا تھا اور جو جس جگہ پر ترقی پاچکا ہے ترقی پر رہیگا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت صدر احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ فقط

دستخط بخط خاص
بالا آرڈر
صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء

ثبتہ نوٹ کمیٹی منعقدہ ۳۰ مئی سنہ ۱۹۱۷ء و بشاہدہ حکم ۳ جنوری سنہ ۱۹۱۵ء وغیرہ ملاحظہ کی نظر بہ کسی نوٹ کمیٹی ۳۰ مئی سنہ ۱۹۱۷ء ملاحظہ ہوا کمیٹی کی یہ رائے ٹھیک نہیں ہے کہ کاشتکار سے

مویشی قلبہ رانی فروخت کرا دیے ہوں اور اُسکے پاس آراضی بقدر قلبہ موجود ہو اور پٹہ وغیرہ ادا کرتا ہو تو عام اس سے کہ وہ کسی طریقہ سے اپنی کاشت کھاتہ معینہ کی پوری کاشتکاری کر سکے اُس کو قلبہ ای شمار کرنا چاہیے۔۔

بلکہ کوئی کاشتکار قلبہ دار یعنی ہل والا نہیں کہا جا سکتا جبتک کہ اُسکے پاس مویشی ہل چلانے کے ہوں البتہ صور تہائے ذیل میں۔

الف۔ جبکہ جانور قلبہ رانی بوڑھا ہو گیا ہو اور جوان جانور خرید کرنے کے واسطے فروخت کیا ہو۔

ب۔ جبکہ جانور بیمار یا کمزور ہو بجائے اُسکے اور تندرست وقوی جانور خرید کرنے کے واسطے فروخت کیا ہو۔

ج۔ جبکہ ایک نسل کی بجائے دوسری نسل خرید کرنے کے واسطے فروخت کیا ہو۔

مگر شرط یہ ہو کہ اُس کاشتکار کی حیثیت ذاتی سے اس امر کی قابلیت و آمادگی پائی جاتی ہو کہ اُن فروخت کردہ مویشی کی بجائے جدید مویشی جلد خرید کرے گا اور اُسکی مقدار آراضی بقدر پیمانہ معینہ قلبہ بھی ہو پٹہ وغیرہ بھی ادا کرتا ہو جب ان تمام امور کی بابت تحقیقات کنندہ کافی جانچ و اطمینان کر لے اور مستاجر سابق مستاجر حال کا پورا اطمینان کرا دے اُسوقت قلبہ شمار ہو گا۔

حکم ہوا کہ

اسکے موافق آئندہ حساب کی قلبہ میں عمل ہونا چاہیے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط
صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص احکام صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل ایام تعطیل عید کی اجازت رخصت یک ہفتہ من ابتدائے اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء منشی امتیاز علی خاں نائب تحصیلدار حضور تحصیل کی بغرض پیروی مقدمہ بمقام پشاور منظور کی گئی۔

رخصت

۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت ۵ روزہ صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکرٹری بغرض جانے بوطن خود منظور فرمائی گئی کار مندوبست ناظم صاحب اور کار اسسٹنٹی حاکم صاحب صدر انجام دینگے۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۷ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

کاغذات رپورٹ تحصیلداران دربارہ تجویز شرح محصول تہ بازاری و وزن کشی مجوزہ ممبران کمیٹی محررہ ۱۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء و منسوخی شرحنامہ مجریہ ۲۵ اکتوبر سنہ ۱۹۱۲ء

حکم ہوا کہ

مثل پیش ہوئی۔ نوٹ کمیٹی اور شرح محصول تہ بازاری و وزن کشی مجوزہ ممبران کمیٹی ملاحظہ ہوئے جو مناسب ہیں اور جس کا اعلان جلسہ نیلام میں کر دیا گیا ہے۔ آئندہ اسی موافق محصول وصول ہوا کرے گا۔ ایک ایک نقل شرح محصول تہ بازاری و وزن کشی بنام تحصیلداران کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو ایک ایک نقل بخدمت حاکم صاحب صدر و صاحب مہتمم بندوبست و ناظم صاحب مرسل ہو۔ ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ شرحنامہ مجریہ ۲۵ اکتوبر سنہ ۱۹۱۲ء منسوخ کیا جاتا ہے۔

دستخط
صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

شرح نامہ محصول وزن کشی پینٹھ ہائے ریاست رامپور

نوٹ

۱۔ اس شرح نامہ کا نفاذ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء سے ہوگا۔

۲۔ جن پینٹھوں کے وزن کشی کا ٹھیکہ منجانب سرکار ہوتا ہے یا جن مقامات میں اندرون آبادی وزنکشی کا محصول لینے کا اختیار ٹھیکہ دار کو بشمول ٹھیکہ وزنکشی پینٹھ کے دیا گیا ہے اُن میں یہ محصول لیا جائیگا عام طور سے علاقہ کی وزنکشی سے اس شرح نامہ کا تعلق نہیں ہے

۳۔ محصول وزنکشی عموماً خریدار مال سے لیا جائیگا اور ٹھیکہ دار کا وزنکش وزن کریگا۔

۴۔ مستقل دکانات اس قید سے مستثنےٰ ہیں۔ مثلاً پرچون پنساری وغیرہ جو اپنی دکانات کا سودا خود تول کر بیچتے ہیں۔

۵۔ سانبھر پر وزن کشی محض اُس مال پر لیجائے گی جو دساور سے مال منگایا جاوے اور خوردہ فروشوں یا دکانداروں کے ہاتھ بیچا جائے۔

۶۔ وزن کشی خواہ بذریعہ ترازو ہو خواہ محدود وزن کی بوریوں کے شمار سے کیجائے داخل تعریف وزن کشی ہے۔

۷۔ ٹھیکہ وزن کشی کا مالک خاص اور ٹانڈہ خاص میں علیحدہ ہوش میں جداگانہ ہوتا ہے اور شاہ آباد خاص کی وزنکشی شامل تہ بازاری پٹہ ہی الا وزنکشی کا کوئی شرح نامہ پہلے سے نہیں ہے صرف تحقیقات سے پاؤ آنہ فی روپیہ لینا ثابت ہوا ہے

اقسام مال	تفصیل	نوعیت تعین شرح	تعداد محصول	کیفیت طریقہ سابق جو ابتک عمل درآمد ہے
۱ غلہ ہر قسم	مکا۔ باجرہ۔ جوار۔ ماش۔ مونگ۔ لوبیا۔ شامخ۔ کودوم۔ دھان ہر قسم۔ سانٹھی۔ سیوڑہ۔ برنج ہر قسم۔ مسور۔ ارہر۔ مٹر۔ گندم۔ نخود۔ جو۔ چنی دیسی۔ چنی ولاتی۔ کنگنی۔ موٹھ۔ گوجئی۔ جئی۔ دلا ہوا۔ آٹا پسا ہوا۔ دانہ دلا ہوا۔ دیگر اجناس خوردنی از قسم غلہ۔	فی روپیہ	۳ پائی	ٹانڈہ خاص میں وزنکشی غلہ جو بنجارہ اس میں خرید فروخت کریں اُنسے ۲ آنہ فیصدی اور جو دیگر تجارت کے لئے غلہ خریدیں اُنسے ایک روپیہ ... لیا جاتا ہے اور مالک خاص میں وزنکشی ...
۲ روغنی اجناس ہر قسم	تل۔ السی۔ سرسوں۔ لاہی۔ ڈولہ۔ انڈی۔ پھل ہر قسم۔ دیگر اجناس جن سے روغن تیار ہو سکتا ہے	فی روپیہ	۳ پائی	
۳ روغن ہر قسم	گھی۔ تیل ہر قسم۔ دکانداران مستقل جو اپنی دکانات پر بیچیں وہ مستثنےٰ ہیں	فی روپیہ	۳ پائی	
۴ روئی کپاس	کپاس۔ روئی۔ بنولہ۔ سوت دیسی۔	فی روپیہ	۳ پائی	
۵ اشیائے شیرینی نیشکر	قند سیاہ۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ راب وغیرہ دیگر اشیاء۔ گنڈورہ	فی روپیہ	۳ پائی	
۶ پھل ترکاری	آلو۔ گھوئیاں۔ کاندو۔ بینگن۔ سنگھاڑا۔ شکر قند۔ دیگر اشیاء۔ وزنکشی محض اُس مال پر کیجاوے جو بیوپاری لاکر خوردہ فروشوں کے ہاتھ بیچے۔	فی روپیہ	۳ پائی	
۷ مال کرانہ	ہلدی۔ مرچ سرخ۔ دھنیا خشک۔ سونف۔ اجوائن۔ تمباکو خشک۔ بینگ۔ بورہ۔ سینگ۔ لہسن۔ ترنج دیگر اجناس پنسارہ۔	فی روپیہ	۳ پائی	
۸	سانبھر جو خوردہ فروشوں کے ہاتھ بطور تھوک فروشی بیچی جائے۔	فی روپیہ	۳ پائی	
۹	دیگر جو کوئی چیز تعریف وزن کشی میں شامل ہو اور وزن کرا کر بیچی جاوے	فی روپیہ	۳ پائی	

اقسام اشیاء	تفصیل و نام	نوعیت شرح	شرح محصول	کیفیت
	۱۴ کانسی۔ پیتل کا زیور بیچنے والے دیہاتی سنار۔	فی دکان	۱ر	جسکی دکان گاؤں میں ہو کرایہ
		فی دکان	۲ پائی	جو شہر میں دکان لگاوے
	〃	فی دکان	۳ پائی	جو سر بوجھ ہو
	۱۵ جوتہ فروش	فی دکان	۱ر	بشرح صدر
	〃	〃	۲ پائی	〃
	〃	〃	۳ پائی	〃
	۱۶ بساطی	〃	۱ر	〃
	〃	〃	۲ پائی	〃
	〃	〃	۳ پائی	〃
	۱۷ دیگر قسم کا کوئی دکاندار اگر پینٹھ میں اپنی دکان لگاوے مثل چھپر وغیرہ	〃	۱ر	〃
		〃	۲ پائی	〃
	〃	〃	۳ پائی	〃
	۱۸ پٹوا	〃	۳ پائی	
	۱۹ درزی	〃	۳ پائی	
	۲۰ کتب فروش	〃	.	معاف ہونا چاہیے
	۲۱ نیچہ بند	〃	۲ پائی	
	۲۲ ناریل والا	〃	۳ پائی	
	۲۳ بڑھئی	〃	۳ پائی	
	۲۴ کمبل بیچنے والا سر بوجھ کا	〃	۳ پائی	
	۲۵ پھلیل و عطر فروش	〃	۳ پائی	
	۲۶ ڈلیاں بیچنے والا	〃	۳ پائی	
	۲۷ پنڈول بیچنے والا	فی گدھا	۳ پائی	
	۲۸ لوہار		۳ پائی	
	۲۹ چٹائی فروش		۳ پائی	
	۳۰ پان فروش		۲ پائی	
	۳۱ برف سادہ	فی دکان	۳ پائی	
	۳۲ برف قند و قلفہ والا	فی کس	۳ پائی	
	۳۳ برف قلفی	فی ٹوکری	۲ پائی	
	۳۴ بھورجی۔ چنا فروش	ٹٹو	۲ پائی	
	〃	سر بوجھ	۳ پائی	
	۳۵ میوہ فروش بیر نارنگی سنگتری وغیرہ	فی ٹوکری	۳ پائی	
	۳۶ گنہ فروش	گاڑی	۱ر	
	〃	سر بوجھ	۳ پائی	
	۳۷ مچھلی فروش	فی کنڈہ	۲ پائی	
		فی کونڈہ	۳ پائی	

[illegible]

اقسام اشیاء	تفصیل و نام	نوعیت شرح	شرح محصول	کیفیت
	۳۸ باغبان یا باغبان ترکاری فروش	فی ٹوکری	۳ پائی	
	۳۹ کوبخڑہ یا کوبخڑی ترکاری فروش	گاڑی	۱ر	
	〃	ٹٹو یا بیل	۲ پائی	
	〃	سر بوجھ	۳ پائی	
	۴۰ کمہار فروخت گلی بیچنے والا یا ہنڈولی بیچنے والا	فی گدھا	۳ پائی	
	۴۱ سوپ بیچنے والا	فی کس	۳ پائی	
	۴۲ چلنی بیچنے والا	〃	۳ پائی	
	۴۳ موچی۔ پاجامہ فروش	گاڑی میں لاوے	۱ر	
	〃	ٹٹو بیل لاوے	۲ پائی	
	〃	سر بوجھ ہو	۳ پائی	
	۴۴ دیگر اقسام کا چھوٹا دکاندار	بشرح صدر	۱ر	
	〃	〃	۲ پائی	
	〃	〃	۳ پائی	
	۴۵ چاریگرا نا جوتا ٹانکنے والا	فی کس	۳ پائی	
	۴۶ بز قصاب	فی دکان	۱ر	
	۴۷ گاؤ قصاب	〃	۱ر	
[illegible]	۴۸ انبہ پختہ۔ ۴۹ انبہ خام۔ ۵۰ خربوزہ۔ ۵۱ تربوز۔ ۵۲ شکرقندی ۵۳ سنگھاڑہ۔ ۵۴ آلو۔ ۵۵ گھویا ۵۶ کاندو۔ ۵۷ گوبھی ۵۸ گنڈیاں یا سنگری یا مولی۔ ۵۹ دیگر اشیاء اس قسم کی	فی گاڑی	۱ر	
		ٹٹو بیل	۲ پائی	
		سر بوجھ	۳ پائی	
[illegible]	لکڑیوں کی گاڑی عمارتی۔ لکڑیوں کی گاڑی سوختنی۔ اپلوں کی گاڑی۔ چری کی گاڑی۔ بھوسہ کی گاڑی۔ پوالہ کی گاڑی۔ جنیڈ پیتیل وغیرہ کی گاڑی۔ مونج بابر کی گاڑی دیگر اقسام اس قسم کی۔	فی گاڑی	۱ر	
	جملہ اقسام بالا کے ٹٹو یا گدھے لدے ہوئے بیل	فی	۲ پائی	
	جملہ اقسام بالا کے سر بوجھ	〃	۳ پائی	
	گھانس سبز یا اگوڑے یا دیگر چارہ	فی سر بوجھ	۱۰ پائی	

شرحنامہ محصول تہ بازاری چنگیہائے ریاست رامپور

نوٹ

۱۔ یہ شرحنامہ تمام حدود ریاست میں جس جس جگہ سرکاری پینٹھیں ہیں اور روزانہ کی تہ بازاری لیجاتی ہے یکم اکتوبر ۱۹۱۶ء سے نافذ ہوگا۔

۲۔ جہانتک اشیا کا نام یاد آیا ہے درج کی گئی ہیں۔ اس سے علاوہ اگر کوئی شے فروخت ہوگی اور دکان اُسکی قائم ہوگی تو ایسی صورت پیش آنے پر تحصیلدار پرگنہ اُسکا محصول تجویز کر دینگے اور اُسکی اطلاعی رپورٹ اجلاس اعلے میں بھیجینگے۔

۳۔ مستقل دکانداران اندرون آبادی جو ہمیشہ سے مستثنےٰ ہیں آیندہ بھی مستثنےٰ رہینگے۔

اقسام اشیا	تفصیل و نام	نوعیت	شرح محصول	کیفیت
۱ غلہ [illegible]	مکا باجرا ماش مونگ لوبیا شاماخ کودرم دہان ہرقسم ساٹھی سیوڑہ گندم جو نخود کسہ مسور مٹر جئی دیسی جئی ولائتی گوجئی۔ گیہوں چنی بجرا چاول ہرقسم آرد و سائیدہ متوشہ دیگر اجناس از قسم غلہ	فی روپیہ	۳/	
۲ روغن دار اجناس	تل سرسون لائی دوان السی اندی کھل ہرقسم دیگر ایسے اجناس جنسے روغن نکلتا ہو۔	فی روپیہ	۳/	
۳ [illegible]	کپاس روئی بنولہ سوت کچی	فی روپیہ	۳/	
۴ [illegible]	گڑ گڑہ کی شکر گڑہ کا گند و شیرہ و راب۔ دیگر اشیا از قسم گڑ	فی روپیہ	۳/	
۵ روغنجات	روغن زرد روغن کنجد روغن [illegible] روغن سرسون روغن دوان لائی وغیرہ روغن اندی دیگر روغن [illegible]	فی روپیہ	۳ پائی	

اقسام اشیا	تفصیل و نام	نوعیت	شرح محصول	کیفیت
۶ کرانہ	ہلدی مرچ سرخ دہنیا خشک سونٹھ خشک اجوائن اجمود میتھی ہینگ سنگھاڑہ خشک [illegible] تمباکو کشیدنی خشک۔ لہسن پیاز	فی روپیہ	۳/	
۷ ترکاری	ساگ پودینہ سونجہ پان آبر سن دیگر اشیا متفرق۔			
۸ مستقل دکانات	پرچونی	فی دکان	۱/	پہلی دکان کی جگہ [illegible] بقدر کرایہ دے
		فی دکان	۲ پائی	جو [illegible] دکان [illegible]
		فی دکان	۳ پائی	جو [illegible]
۹	پنساری	فی دکان	۱/	بشرح صدر
		فی دکان	۲ پائی	بشرح صدر
		فی دکان	۳ پائی	بشرح صدر
۱۰	بزاز پارچہ فروش ولایتی و دیسی و ہر دو اقسام	فی دکان	۱/	بشرح صدر
		فی دکان	۲ پائی	بشرح صدر
		فی دکان	۳ پائی	بشرح صدر
۱۱	حلوائی	فی دکان	۱/	بشرح صدر
		فی دکان	۲ پائی	بشرح صدر
		فی دکان	۳ پائی	بشرح صدر
۱۲	تمباکو فروش چرپینے اور کھانے کا تیار شدہ [illegible]	فی دکان	۱/	بشرح صدر
		فی دکان	۲ پائی	بشرح صدر
		فی دکان	۳ پائی	بشرح صدر
۱۳	پیتل کانسہ تانبا لوہا جیولیا جست کے برتن بیچنے والے	فی دکان	۱/	بشرح صدر
		فی دکان	۲ پائی	بشرح صدر
		فی دکان	۳ پائی	بشرح صدر

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۱ ستمبر لغایت ۲۵ ستمبر ۱۹۱۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد	افزون	تعداد	افزون	تعداد	افزون	تعداد	افزون	تعداد	افزون	تعداد	افزون
۲۱ ستمبر ۱۹۱۷ء یوم جمعہ	۱۶	۲۹۷	۱۵	۳۲۹	۳۸	۴۲۴	۱۱	۳۳۲	۳۴	۳۰۸	۱۴	۲۸۴
۲۲ " " " شنبہ	۵	۳۰۲	۲۶	۳۵۵	۲۳	[illegible]	۱۴	۳۵۲	۶	۳۱۴	۱۰	۲۹۴
۲۳ " " " یکشنبہ	۲	۳۰۴	۰	۳۵۵	۰	۴۸۷	۱۸	۳۷۴	۴	۳۱۸	۱	۲۹۵
۲۴ " " " دوشنبہ	۱۰	۳۱۴	-	نقشہ نہیں آیا	۸	۴۹۵	۰	۳۷۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۵ " " یوم سہ شنبہ	۱	۳۱۵	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	"	۰	"

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۷ لغایت ۳۰ ستمبر ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۰ ار		۹ ار	۱۰ ار	۹ ۰ ار	۹ ار	
نخود خالص	۱۲ ار		۱۲ ار	۱۳ ار	۱۵ و ۱۲ ار	۱۳ ار	
نخود کرہ آمیز	۱۲ ۰ ار		۵ ار	۱۵ ار	۱۶ ار	۱۵ ار	
کسیہ	۱۳ ۰ ۱۵ ار		۱۵ ۰ ۰	۱۲ ار	۱۷ ار	۱۲ ار	
ماش	۸ ۰ ۰		۸ ار	۷ ار	۸ ار	۸ ار	
مونگ	۸ ۰ ۰ ر ۹۹		۸ ار	۰	۸ ار	۸ ار	
مکا	۱۲ و ۱۳ ار		۱۲ ار	۱۲ ار	۱۹ و ۲۰ ار	۱۶ ار	
جو	۱۶ و ۱۷ ار		۱۵ ار	۰	۲۰ ار	۱۵ ار	
گوجئی			۱۳ ار	۰	۱۲ ۰ ار	۱۳ ۰ ار	
عدس	۹ ار		۱۰ ار	۰	۱۰ ار	۹ ار	
برنج	۵ ار		آجکل بکتے نہیں	۷ ار	۱۲ و ۱۴ ۰ ار	۸ ار	
ارہر	۵ و ۱۲ ار		۱۵ ار	۰	۱۲ ۰ ار	۱۳ ار	
روغن زرد	۰ ۰ ار		۰ ۰ ۰ ار	۰ ۲ ار	۲ ۰ ار	۰ ۰ ۰ ار	
روغن سیاہ	۲ ۰ ار		۲	۱ ۰ ار	۲ ۰ ار	۲ ار	
روغن گنجد	۰ ۰ ار		۱ ار	۰	۰ ۱ ار	۹ ۰ ار	
نمک سانبھر	۹		۱۰ ار	۹ ار	۸ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۲ ۰ ار		۱۰ ار	۵ ار	۷ ار	۹ ار	
قند سیاہ	۳ ۰ ار		۳ ۰ ار	۳ ار	۳ ار	۴ ار	
باجرہ	۷ ار		۴	۴	۱۴ ار	۴	تحصیل شاہ آباد و نقشہ نہیں آیا

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اگست سنہ ۱۹۱۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	زخم شیر و جانوران درندہ	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۹	۴	۱۶	۵	۴۴	۳۶	۸	۶	۵	۱	۰	۱۲	۱۷	۱۹	۲۲	۳۱	۱۰	۰	۰	۰	۴۱	۰	۰	۰	۴۱	
گنج	۲۳	۴	۲۸	۲	۵۷	۵۱	۶	۱۱	۱۳	۲	۰	۱۶	۱۵	۲۹	۲۸	۵۱	۶	۰	۰	۰	۵۶	۱	۰	۰	۵۷	
حوالیہ شہر	۴	۵	۱	۴	۱۴	۵	۹	۴	۱	۰	۰	۳	۲	۷	۳	۵	۵	۰	۰	۰	۹	۱	۰	۰	۱۰	
عظیم نگر	۶	۲	۶	۳	۱۷	۱۲	۵	۰	۲	۴	۱	۷	۷	۱۱	۱۰	۱۰	۱۱	۰	۰	۰	۱۶	۵	۰	۰	۲۱	
شاہ آباد	۱۴	۵۳	۸	۴۶	۱۲۱	۲۲	۹۹	۲۵	۱۷	۴	۳	۳۱	۱۸	۱۰	۳۸	۲۸	۷۰	۱	۳	۰	۹۳	۱	۰	۰	۹۸	
پٹوائی	۳	۴۵	۷	۳۲	۸۷	۱۰	۷۷	۵	۲	۱	۱	۱۶	۸	۲۲	۱۱	۱۰	۲۳	۰	۰	۰	۳۲	۱	۰	۰	۳۳	
ملک	۱۶	۴۰	۷	۶۵	۱۲۸	۲۳	۱۰۵	۱۰	۳	۵	۱	۵۷	۳۱	۷۲	۳۵	۸	۹۹	۱	۰	۰	۱۰۶	۰	۰	۰	۱۰۷	
بلاسپور	۱۳	۵	۱۳	۱۱	۴۸	۳۶	۲۲	۵	۸	۱	۳	۲۹	۱۷	۳۵	۲۸	۲۷	۳۶	۰	۰	۶۱	۰	۲	۰	۰	۶۳	
کیمری	۱۵	۳۷	۵	۱۹	۷۶	۲۰	۵۶	۷	۹	۳	۱۷	۱۲	۲۷	۲۴	۲۲	۲۹	۰	۰	۰	۴۴	۷	۰	۰	۰	۵۱	
سوار	۳۷	۱۵	۲۰	۶	۷۸	۵۷	۲۱	۱۳	۶	۶	۵	۲۸	۲۲	۴۷	۳۳	۴۷	۳۳	۰	۰	۰	۷۸	۲	۰	۰	۸۰	
ٹانڈہ	۲۹	۱۸	۲۶	۱۳	۸۶	۵۵	۳۱	۱۱	۴	۴	۴	۲۰	۲۴	۳۵	۳۲	۴۱	۲۶	۰	۰	۰	۶۲	۵	۰	۰	۶۷	
میزان	۱۷۹	۲۵۳	۱۳۸	۱۸۶	۷۵۶	۳۱۶	۴۳۹	۹۷	۶۰	۳۱	۲۱	۲۳۹	۱۶۳	۳۶۷	۲۶۲	۲۸۰	۳۴۸	۲	۳	۹۱	۵۳۷	۲۵	۰	۰	۶۲۸	